DIRECTORATE
GENERAL PUBLIC RELATIONS
BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

مورخہ 11.01.2025

| نمبر شمار | اہم قومی ومقامی خبریں | اخبارات |
|---|---|---|
| 01 | حلقہ انتخاب میں اربوں روپے کی ترقیاتی کام جاری ہیں، نور محمد دمڑ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 02 | بلوچستان کے کھلاڑیوں کو سہولیات فراہم کرنے کیلئے پرعزم ہیں، مینا مجید | جنگ ودیگر اخبارات |
| 03 | حاجی یار محمد خان کھوسہ کی وفات علاقے کیلئے بڑا سانحہ ہے، سلیم کھوسہ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 04 | حکومت دہشتگردوں سے مقابلہ کررہی ہے، فیصل جمالی | مشرق ودیگر اخبارات |
| 05 | محکموں میں بھرتیوں کے عمل کو میرٹ وشفافیت حاصل ہے، ظہور بلیدی | جنگ ودیگر اخبارات |
| 06 | فورسز نے شہریوں کو یرغمال بنا کر ہلاک کرنے کی کوشش ناکام بنادی دو دہشتگرد ہلاک تین زخمی، محکمہ داخلہ | مشرق ودیگر اخبارات |
| 07 | بلوچستان حکومت نے محکمہ تعلیم کیچ میں عارضی بھرتیوں کی تحقیقات کیلئے فیکٹ فائنڈنگ کمیٹی تشکیل دیدی | جنگ ودیگر اخبارات |
| 08 | پی بی 45 کے انتخابی نتائج، کامیاب امیدوار سمیت تمام فریقین کو نوٹس جاری | جنگ ودیگر اخبارات |
| 09 | ریکوڈک مائننگ کمپنی کی جانب سے صحت سے متعلق آگاہی مہم کا آغاز | جنگ ودیگر اخبارات |
| 10 | حکومت بلوچستان پولیو کے خاتمے کیلئے موثر حکمت عملی اپنارہی ہے، سیکرٹری صحت | انتخاب ودیگر اخبارات |
| 11 | نیو گوادر انٹرنیشنل ایئرپورٹ سے پروازوں کا آغاز نہ ہوسکا | جنگ ودیگر اخبارات |
| 12 | چمن ریلوے روڈ اور زہری میں اسسٹنٹ کمشنر کی گاڑی کے قریب دھماکہ دو افراد زخمی | جنگ ودیگر اخبارات |
| 13 | سنجدی کی کوئلہ کان سے چار لاشیں نکال لی گئیں | جنگ ودیگر اخبارات |
| 14 | بلوچستان یونیورسٹی کے متعدد ملازمین کی میٹر پر مستقل تعیناتی | جنگ ودیگر اخبارات |
| 15 | جامعہ بلوچستان کے وی سی سے ڈی سی کوئٹہ کی ملاقات مختلف امور پر تبادلہ خیال | جنگ ودیگر اخبارات |
| 16 | سیاسی عدم استحکام خطرناک جمہوریت دشمن قوتوں کا راستہ روکنا ہوگا، پشتونخوامیپ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 17 | شہر بھر میں سیوریج ک انظام تباہ پانی سڑکوں پر بہہ رہا ہے، جمعیت ن | جنگ ودیگر اخبارات |
| 18 | کرپشن کے خاتمے کیلئے ری کال الیکشن کا قانون بنایا جائے، کریم نوشیروانی | جنگ ودیگر اخبارات |

## امن وامان:

مستونگ، لیویز چوکی حملہ پر مسلح افراد سرکاری اسلحہ اور موٹر سائیکلیں لے اڑے، حب مسلح افراد کی فائرنگ سے دو افراد جاں بحق، اوستہ محمد کا فحاشی کے اڈے پر چھاپہ تین عورتوں سمیت چھ افراد گرفتار، فائرنگ ٹریفک حادثات، دو بھائیوں سمیت پانچ افراد جاں بحق

## عوامی مسائل:

مہنگائی نے چھوٹے سرکاری اور پرائیویٹ ملازمین کی زندگی مشکل کردی ہے، صوبائی دارلحکومت میں اکثر قصاب دکانوں میں جانور ذبح کرنے لگے، متعلقہ حکام خاموش،

CamScanner

**DIRECTORATE**
**GENERAL PUBLIC RELATIONS**
**BALOCHISTAN**

**نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ**
**حکومت بلوچستان**

**مورخہ** 11.01.2025

**اداریہ :**

روزنامہ میزان کوئٹہ نے "**حکومت بلوچستان شعبہ صحت میں اصلاحات کیلئے پرعزم!**" کہ عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے کہ وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے گزشتہ روز سندس فاؤنڈیشن کے ڈائریکٹر وائس مارشل (ر) آفتاب حسین سے ملاقات کے دوران گفتگو کرتے ہوئے اس عزم کا اظہار کیا کہ حکومت بلوچستان شعبہ صحت میں اصلاحات لا رہی ہے۔ بلوچستان میں صحت کے نظام کو بہتر بنایا جا رہا ہے اس مقصد کیلئے پبلک پرائیوٹ پارٹنر شپ کے تحت معیاری طبی سہولتیں فراہم کرنے جا رہے ہیں۔ جس سے عام بلوچستانی کی اس کی دہلیز پر معیاری طبی سہولیات میسر آئیں گی۔ مفاد عامہ کے امور میں سرکاری اور غیر سرکاری اداروں کے درمیان تعاون کو مزید وسعت دینے کی ضرورت ہے۔ ملاقات کے دروان سندس فاؤنڈیشن کے ڈائریکٹر وائس مارشل (ر) آفتاب حسین نے بلوچستان میں معیاری طبی سہولیات کی فراہمی کے لئے وزیر اعلیٰ بلوچستان سرفراز بگٹی کی سنجیدگی اور پختہ عزم کو سراہا اور یقین دہانی کرائی کہ سندس فاؤنڈیشن بلوچستان کے پسماندہ علاقوں میں اپنی خدمات بڑھانے کے لئے تیار ہے۔ وزیر اعلیٰ نے سندس فاؤنڈیشن کی خدمات کی تعریف کرتے ہوئے کہا کہ اس فاؤنڈیشن نے خون کی بیماریوں کے علاج میں قابل ذکر کام کیا ہے۔

**اداریہ :**

روزنامہ آزادی کوئٹہ نے "**بلوچستان میں کوئلہ کانوں میں ٹھیکیداری نظام، کانکنوں کی اموات، حکومتی سطح پر ایکشن کی ضرورت!**" کے عنوان سے اداریہ تحریر کی ہے۔

روزنامہ بلوچستان نیوز کوئٹہ نے "**بلوچستان کی ترقی کا عزم اور پی پی ایل سمیت دیگر کمپنیوں کو الٹی میٹم**" کے عنوان سے اداریہ تحریر کی ہے۔

برائے ڈائریکٹر جنرل
نظامت تعلقات عامہ بلوچستان

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Buliet No. 2

Dated: 11 JAN 2025 Page No. 3


## بلوچستان حکومت نے محکمہ تعلیم کیچ میں عارضی بھرتیوں کی تحقیقات کیلئے فیکٹ فائنڈنگ کمیٹی تشکیل دیدی

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) بلوچستان حکومت نے محکمہ تعلیم کیچ میں عارضی بھرتیوں کی تحقیقات کیلئے فیکٹ فائنڈنگ انکوائری کمیٹی تشکیل دے دی۔ چیئرمین فیکٹ فائنڈنگ انکوائری کمیٹی کے جاری اعلامیہ کے مطابق بلوچستان حکومت کے مجاز اتھارٹی کی منظوری سے فیکٹ فائنڈنگ انکوائری کمیٹی تشکیل دی گئی ہے جو ضلع کیچ میں سکول ایجوکیشن ڈپارٹمنٹ کے تحت ہونے والی عارضی بھرتیوں کے سلسلے میں شکایات کی تحقیقات کریگی، اس سلسلے میں ایک کھلی عدالت کا انعقاد 14 جنوری کو صبح گیارہ بجے ڈی سی آفس کیچ میں کیا جائیگا، اعلامیہ میں تمام متاثرین اور اعتراض کنندگان کو مطلع کیا گیا ہے کہ وہ کمیٹی کے سامنے اپنے تمام شواہد کیساتھ پیش ہوں تاکہ انکی شکایات کا جائزہ لیا جاسکے۔ ذرائع نے بتایا کہ کمیٹی کے چیئرمین ایڈیشنل سیکرٹری زراعت مامون حمید، جبکہ ممبران میں ڈی جی اینٹی کرپشن۔ عبدالواحد کاکڑ، ڈویژنل ڈائریکٹر ایجوکیشن مکران ڈویژن غفور دشتی۔ ایڈیشنل ڈائریکٹر بک ڈسٹری بیوشن حنیف ہنگورئی شامل ہیں۔

## نیو گوادر انٹرنیشنل ایئرپورٹ سے پروازوں کا آغاز نہ ہوسکا

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) نیو گوادر انٹرنیشنل ایئر پورٹ سے پروازوں کا آغاز نہ ہوسکا کراچی سے آنے والی پی آئی اے کی پرواز نے پرانے ایئر پورٹ پر لینڈنگ کی اور 40 مسافر لیکر مسقط روانہ ہوئی ذرائع کے مطابق نیو گوادر انٹرنیشنل ایئر پورٹ سے 10 جنوری سے پروازوں کا باقاعدہ ہونا تھا جو چند ناگزیر وجوہات کے باعث نہ ہوسکا راچی سے آنے والی پی آئی اے کی پرواز نے پرانے ایئر پورٹ پر لینڈنگ کی گوادر سے مسقط جانے والے 40 مسافر لیکر روانہ ہوئی گوادر انٹرنیشنل ایئر پورٹ چین کے امدادی گرانٹ سے بین الاقوامی معیار کے مطابق 66 ارب روپے کی لاگت سے گزشتہ سال مکمل ہوا تھا جس کا افتتاح بھی گزشتہ سال اسلام آباد میں چین کے وزیر اعظم کے ساتھ مل کر دونوں ممالک کے وزرائے اعظم نے کیا تھا، گزشتہ سال کئی مرتبہ نیو گوادر انٹرنیشنل کو فعال کرنے کیلئے فلائٹس شروع کرنے کا اعلان کیا گیا تھا تاہم فلائٹس شروع نہیں کیے جاسکے تھے، روان سال پہلے یکم جنوری 2025 سے فلائٹ شروع کرنے کا اعلان کیا گیا جو شروع نہیں ہوسکا، دوسری مرتبہ 10 جنوری آج دوبارہ کراچی، گوادر، مسقط انٹرنیشنل فلائٹ کے آغاز کا اعلان کیا گیا، کراچی سے گوادر مسقط جانیوالی فلائٹ شیڈول کے مطابق گوادر پہنچا تاہم فلائٹ گوادر کے پرانی ایئرپورٹ پر لینڈ کر کے 40 سے زائد مسافروں کو لیکر مسقط روانہ ہوا، اور مسقط سے دوبارہ گوادر پہنچ کر کراچی کیلئے پرانے ایئر پورٹ سے اڑان لیکر کراچی کیلئے محو پرواز ہوگا۔

## پی بی 45 کے انتخابی نتائج، کامیاب امیدوار سمیت تمام فریقین کو نوٹس جاری

### اصل فارم 45 میں جے یو آئی کے امیدوار میر عثمان پرکانی نے 4503 ووٹ لیے ہیں، وکیل کامران مرتضیٰ

اسلام آباد/کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان اسمبلی کے حلقہ پی بی 45 کوئٹہ 8 کے 15 پولنگ اسٹیشنز پر انتخابی نتائج کے خلاف درخواست پر الیکشن کمیشن نے کامیاب امیدوار سمیت تمام فریقین کو نوٹس جاری کر دیئے۔ الیکشن کمیشن میں پی بی 45 کے 15 انتخابی نتائج کے خلاف جے یو آئی کی درخواست پر سماعت ممبر پنجاب بابر بھروانہ اور ممبر کے پی کے اکرام اللہ خان نے کی۔ کامران مرتضی الیکشن کمیشن میں پیش ہوئے انہوں نے پی بی 45 کے پورے حلقہ کا ریکارڈ طلب کرنے کی استدعا کرتے ہوئے کہا کہ الیکشن کمیشن نے فارم 48،49 مرتب کیے بغیر نتائج کا اعلان کردیا۔ اصل فارم 45 میں جے یو آئی کے امیدوار میر عثمان پرکانی نے 4503 ووٹ لیے ہیں۔ وکیل کامران مرتضی نے کہا کہ پیپلز پارٹی کے کامیاب قرار دینے والے امیدوار کو صرف 740 ووٹ پڑے، کامیاب امیدوار کا فارم 47 فارم 45 سے مطابقت نہیں رکھتا، الیکشن کمیشن نے پیپلز پارٹی کے کامیاب امیدوار علی مدد سمیت فریقین کو نوٹس جاری کرتے ہوئے کیس کی سماعت 16 جنوری تک ملتوی کردی۔

## ریکوڈک مائننگ کمپنی کی جانب سے صحت سے متعلق آگاہی مہم کا آغاز

### ہمسائے گاؤں میں ٹی بی، ہیپاٹائٹس بی اور سی کے لیے مفت اسکریننگ کا اہتمام کیا گیا

چاغی (پ ر) ریکوڈک مائننگ کمپنی (آر ڈی ایم سی) کی معاونت سے انڈس اسپتال اور ہیلتھ نیٹ ورک (آئی ایچ ایچ این) نے ہمسائے گاؤں میں صحت عامہ سے متعلق آگاہی مہم کا آغاز کیا ہے۔ یہ گاؤں ریکوڈک منصوبے کی قریب ترین کمیونٹی ہے۔ اس مشترکہ اقدام کا مقصد ٹی بی، ہیپاٹائٹس بی اور سی کے لیے مفت اسکریننگ فراہم کرنا اور ان بیماریوں سے متعلق آگاہی پیدا کرنا ہے جو کہ آر ڈی ایم سی کی جانب سے مقامی کمیونٹیز کو صحت کے بہتر سہولیات کی فراہمی کے عزم کا حصہ ہے۔ اس مہم کا بنیادی مقصد کمیونٹی کو ان بیماریوں کے خطرات، علامات اور روک تھام کے طریقوں کے بارے میں آگاہ کرنا ہے۔ آئی ایچ ایچ این کی ٹیمیں، مقامی ہیلتھ ورکرز کے ساتھ مل کر آگاہی سیشنز منعقد کر رہی ہیں جن میں ہیپاٹائٹس بی ویکسینیشن کی اہمیت، غیر جراثیم کش طبی آلات کے خطرات اور غیر محفوظ خون کی منتقلی کے خطرات شامل ہیں۔ اس کے علاوہ مہم میں نظام تنفس کی صحت، مناسب وینٹیلیشن اور ٹی بی کی علاج کے طریقوں کی پیروی پر زور دیا جارہا ہے۔ یہ پروگرام جلد ہی تحصیل نوکنڈی اور چاغی کے دیگر دور دراز علاقوں تک پھیلا دیا جائے گا، اس اقدام کے تحت آئی ایچ ایچ این کی کمیونٹی انگیجمنٹ اور ایجوکیشن ٹیم (سی ای سی) نے کلی مینگل آباد کے ایک اسکول میں صحت سے متعلق آگاہی کا سیشن بھی منعقد کیا جس میں 200 سے زائد طلباء شریک ہوئے۔

## حکومت بلوچستان پولیو کے خاتمے کیلئے موثر حکمت عملی اپنا رہی ہے، سیکرٹری صحت

### مجیب پانیزئی سے بل اینڈ میلنڈا گیٹس فاؤنڈیشن کے سینئر پروگرام آفیسر کی ملاقات، پولیو سے متعلق تبادلہ خیال

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) سیکرٹری صحت بلوچستان مجیب الرحمن پانیزئی سے جمعہ کو بل اینڈ میلنڈا گیٹس فاؤنڈیشن (بی ایم جی ایف) کے سینئر پروگرام آفیسر ڈاکٹر ریحان حفیظ کی قیادت میں وفد نے ملاقات کی۔ ملاقات میں پولیو اور حفاظتی ٹیکہ جات سے متعلق تبادلہ خیال کیا گیا۔ ملاقات میں ڈپٹی پروونشل کوارڈینیٹر توسیع پروگرام برائے حفاظتی ٹیکہ جات ڈاکٹر ظفر اقبال خوستی، ڈاکٹر ظریف، ڈاکٹر وحید لاشاری اور ڈاکٹر نجیب مروت بھی موجود تھے۔ ملاقات میں پولیو کے خاتمے اور موذی بیماریوں سے حفاظتی ٹیکہ جات کے مہمات سے متعلق امور پر غور کیا گیا۔ سیکرٹری صحت مجیب الرحمن پانیزئی نے اس عزم کا اظہار کیا کہ حکومت بلوچستان صوبے میں پولیو کے خاتمے کیلئے موثر حکمت عملی اپنا رہی ہے جس کے جلد خاطر خواہ نتائج برآمد ہونگے، پولیو جیسی موذی بیماریوں سے چھٹکارا پاکر اپنے بچوں کو عمر بھر کی معذوری سے بچاسکتے ہیں۔ مختلف بیماریوں سے بچاؤ کیلئے توسیع پروگرام برائے حفاظتی ٹیکہ جات کا کردار بھی کلیدی ہے۔

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Buliet No. 2

Dated: 11 JAN 2025

Page No. 4


## چمن ریلوے روڈ اور زہری میں اسسٹنٹ کمشنر کی گاڑی کے قریب دھماکہ، 2 افراد زخمی

اسسٹنٹ کمشنر زہری کو چشمہ چوکی کے معائنے سے واپس آتے ہوئے نشانہ بنایا گیا، خالد شمس اور عملہ محفوظ رہا

**چمن میں بم دھماکہ قابل مذمت ہے، ایسے واقعات بلوچستان کے امن کو نقصان پہنچانے کی ناکام کوشش ہیں، ترجمان حکومت بلوچستان**

کوئٹہ (این این آئی/خ ن) چمن میں سیکورٹی فورسز کے قافلے کے قریب بم دھماکہ 2 افراد زخمی ہو گئے۔ پولیس کے مطابق جمعہ کو چمن کے علاقے ریلوے اسٹیشن روڈ پر سیکورٹی فورسز کا قافلہ گزر رہا تھا کہ سڑک۔۔۔۔ (باقی صفحہ 6 نمبر 14)

ڈیرہ اسماعیل خان (این این آئی، جنگ نیوز) خیبر پختونخوا کے ضلع ڈیرہ اسمٰعیل خان کی تحصیل کلاچی میں سیکیورٹی فورسز نے خفیہ اطلاعات پر کامیاب کارروائی کرتے ہوئے 5 دہشت گردوں کو ہلاک۔۔۔۔ (باقی صفحہ 6 نمبر 15)

کردیا، پولیس کے مطابق انہوں نے تحصیل کلاچی کے علاقے مڈی میں خفیہ اطلاعات پر کارروائی کی۔ صدر آصف علی زرداری، وزیراعظم شہباز شریف اور وزیرداخلہ محسن نقوی نے 5 دہشت گردوں کو جہنم واصل کرنے پر سیکیورٹی فورسز کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ وہ دہشت گردی کے عفریت کے خاتمے کے لئے کارروائیاں کررہی ہیں۔ ڈیرہ اسماعیل خان میں پولیس نے بتایا کہ تحصیل کلاچی کے علاقے مڈی میں خفیہ اطلاعات پر کارروائی کی گئی۔ حکام کے مطابق آپریشن میں 5 دہشت گرد ہلاک مارے گئے جن کے قبضے سے اسلحہ اور بارود بھی برآمد ہوا۔ پولیس حکام نے بتایا کہ دہشت گرد پولیس اور سیکیورٹی فورسز پر حملوں میں ملوث تھے، مارے گئے دہشت گرد تھانہ کلاچی، درابن سمیت مختلف تھانوں میں دہشت گردی کے مقدمات میں نامزد تھے۔

## سنجدی کی کوئلہ کان سے 4 لاشیں نکال لی گئیں

**پھنسے ہوئے 8 کانکنوں کے بچنے کے امکانات کم**

**ملبے کو بھاری مشینری کے ذریعے ہٹایا گیا، بجلی کی دوسری لائن بچھانے اور ملبہ ہٹانے سے امدادی سرگرمیاں تاخیر کا شکار ہوئیں، ڈپٹی ڈائریکٹر ریسکیو**

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) کوئلہ کان میں دھماکہ سے جاں بحق 4 مزدوروں کی لاشیں نکال لی گئیں۔ چیف مائنز انسپکٹر کے مطابق نواحی علاقے سپین کاریز سنجدی کے مقامی کوئلہ کان میں گزشتہ رات زہریلی گیس بھرنے کے باعث دھماکہ ہوا، دھماکے کے بعد کان بیٹھ گئی۔ کان بیٹھنے سے 12 مزدور اندر پھنس گئے تھے، ریسکیو آپریشن کے دوران 4 مزدور کی لاشیں نکال لی گئیں جبکہ کان کے داخلی دروازے سے ملبے کو بھاری مشینری کے ذریعے ہٹایا گیا۔ دوسری جانب ڈپٹی ڈائریکٹر ریسکیو اصغر جمالی کا کہنا تھا کہ کان کن 4200 فٹ گہرائی میں پھنسے ہوئے ہیں، کان میں پھنسے کان کنوں کے زندہ بچنے کا امکانات بہت کم ہے۔ ان کا مزید کہنا تھا کہ کان میں بجلی کی ایک ہی لائن تھی جو حادثے میں تباہ ہوگئی، پنکھا چلانے کے لئے بجلی کی دوسری لائن بچھانے اور ملبہ ہٹانے کی وجہ سے امدادی سرگرمیاں تاخیر کا شکار ہوئیں۔

## بلوچستان یونیورسٹی کے متعدد ملازمین کی میرٹ پر مستقل تعیناتی

**ڈپٹی چیئرمین سینٹ سیدال خان ناصر کے نوٹس پر سٹینڈنگ کمیٹی آف ایجوکیشن نے ایکشن لے لیا**

اسلام آباد (طاہر خلیل) ڈپٹی چیئرمین سینٹ سیدال خان ناصر کے نوٹس پر سینٹ سٹینڈنگ کمیٹی آف ایجوکیشن نے ایکشن لے لیا۔ بلوچستان (باقی صفحہ 6 نمبر 42)

یونیورسٹی کے متعدد غیر مستقل ملازمین کی میرٹ پر مستقل تعیناتی کردی گئی۔ متاثرہ ملازمین کی رپورٹ پر ڈپٹی چیئرمین سینٹ سیدال خان ناصر نے معاملہ سینٹ کی سٹینڈنگ کمیٹی آف ایجوکیشن کے سپرد کیا تھا۔ 2 جنوری کو سینیٹر بشریٰ انجم بٹ کی صدارت میں سینٹ ایجوکیشن کمیٹی کی میٹنگ ہوئی۔ جہاں چیئرمین ایچ ای سی ڈاکٹر مختار احمد، وائس چانسلر بلوچستان یونیورسٹی ڈاکٹر ظہور احمد بازئی سمیت کمیٹی اراکین نے شرکت کی۔ کمیٹی اجلاس میں ڈپٹی چیئرمین سینٹ نے خصوصی طور پر غیر مستقل ملازمین کا مسئلہ میرٹ پر حل کرنے پر زور دیا۔ سینٹ کی سٹینڈنگ کمیٹی آف ایجوکیشن کے اکثریتی ممبران نے ڈپٹی چیئرمین سیدال ناصر کے موقف کی تائید کی۔ جس پر بلوچستان یونیورسٹی کے ایک اعلامیے کے مطابق متاثرہ غیر مستقل ملازمین کی مستقل بنیاد پر تعیناتی کردی گئی۔

## بلوچستان ٹیکسٹ بک بورڈ میں ڈیڑھ ارب روپے سے زائد کے گھپلوں کا انکشاف

**2017 سے 2022 کے دوران کتابوں کی مشکوک پرنٹنگ سے قومی خزانے کو 11 کروڑ 64 لاکھ کا نقصان پہنچایا گیا**

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) بلوچستان ٹیکسٹ بک بورڈ میں ڈیڑھ ارب روپے سے زائد کے گھپلوں کا انکشاف۔ بلوچستان اسمبلی نے آڈٹ رپورٹ پبلک اکاؤنٹس کمیٹی کے سپرد کردی ذرائع کے مطابق آڈیٹر جنرل پاکستان کی جانب سے بلوچستان ٹیکسٹ بک بورڈ کے حوالے سے آڈٹ رپورٹ تیار کی ہے جس میں بتایا گیا ہے کہ بلوچستان ٹیکسٹ بک بورڈ میں 2017 سے 2022 کے دوران ضرورت کے برعکس کتابوں کی مشکوک پرنٹنگ سے قومی خزانے کو 11 کروڑ 64 لاکھ کا نقصان پہنچایا گیا کاغذ اور دیگر پرنٹنگ میٹریل کی خریداری میں تقریباً 53 کروڑ 80 لاکھ روپے جبکہ وینڈرز کو غیر ضروری رعایت دینے سے 23 کروڑ 85 لاکھ کی بے قاعدگی سامنے آئی کتب رکھنے کیلئے عمارت کے حصول میں 11 کروڑ کا ٹیکا لگایا گیا لائسنس فیس کی مد میں غیر ضروری اخراجات سے 21 کروڑ کا نقصان ہوا، گورنمنٹ ٹیکس کی کم کٹوتی سے قومی خزانے کو 27 کروڑ 23 لاکھ کا نقصان اٹھانا پڑا۔ ذرائع نے بتایا کہ یہ رپورٹ صوبائی اسمبلی میں پیش کی بلوچستان اسمبلی نے آڈٹ رپورٹ پبلک اکاونٹس کمیٹی کے سپرد کردی۔

## جامعہ بلوچستان کے وی سی سے ڈی سی کوئٹہ کی ملاقات، مختلف امور پر تبادلہ خیال

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) جامعہ بلوچستان کے وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر ظہور احمد بازئی سے ڈپٹی کمشنر کوئٹہ سعد بن اسد نے انکے چیمبر میں ملاقات کی۔ اس دوران تعلیمی سرگرمیوں، انتظامی و حفاظتی اقدامات سمیت مختلف معاملات پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ انہوں نے جامعہ کے حفاظتی اقدامات اور سیکورٹی سیکشن کا دورہ کیا۔ چیف سیکورٹی افسر نے انہیں جدید ٹیکنالوجی کے ذرائع، طریقہ کار اور حفاظتی اقدامات اور شعبہ کے حوالے سے بریف کیا گیا۔

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 4

Dated: 31 JAN 2025 Page No. 7

## مستونگ: لیویز چوکی پر حملہ، مسلح افراد سرکاری اسلحہ و موٹر سائیکلیں لے اڑے

**سیمنٹ فیکٹری کی مشینری بھی نذر آتش کی گئی، گاڑیوں کی چیکنگ اور مسافروں کے شناختی کارڈ بھی چیک کرتے رہے**

مستونگ (نامہ نگار) مستونگ کی تحصیل دشت میں جمعرات اور جمعہ کی درمیانی شب متعدد مسلح افراد نے لیویز چوکی کوٹڈین پر حملہ کرکے لیویز اہلکاروں کو یرغمال بنا لیا اور ان کا سرکاری اسلحہ کلاشنکوف رائفلیں راؤنڈز اور موٹر سائیکلیں اٹھالیں۔ علاوہ ازیں انہوں نے لیویز چوکی سے چند فرلانگ دور دشت سیمنٹ فیکٹری پر حملہ کرکے اس کی تمام مشنری بھی نذر آتش کردی جبکہ دشت اور کولپور کے درمیان کوئٹہ سبی شاہراہ پر ناکہ بندی کرکے کئی گھنٹے تک گاڑیوں کی چیکنگ کی اور مسافروں کی شناختی کارڈز بھی چیک کیے اور پھر قریبی پہاڑوں میں روپوش ہوگئے۔ اطلاع ملتے ہی ضلعی انتظامیہ نے لیویز اور سیکورٹی فورسز کی بھاری نفری لے کر دشت کے علاقے میں سرچ آپریشن شروع کردیا تاہم ضلعی انتظامیہ سے کوئی جانی نقصانات کی اطلاعات موصول نہیں ہوئی جبکہ ضلعی انتظامیہ نے نامعلوم دہشت گردوں کے خلاف ایف آئی آر درج کرنے کے لیے سی ٹی ڈی کو مراسلہ ارسال کردیا ہے۔

MASHRIQ QUETTA

## حب، مسلح افراد کی فائرنگ سے 2 افراد جاں بحق

**واقعہ گدانی کنڈ کے قریب پیش آیا، فائرنگ سے جاوید اور عباس موقع پر ہی جاں بحق ہوگئے، پولیس ذرائع**

حب (آئی این پی) بلوچستان کے ضلع حب میں مسلح افراد نے فائرنگ کرکے 2 افراد کو قتل کردیا اور فرار ہوگئے مقتولین پاکستان پیپلز پارٹی کے ضلعی رہنماء کے رشتہ دار بتائے جارہے ہیں پولیس کے مطابق گزشتہ روز حب کے علاقے گدانی کنڈ کے قریب مسلح افراد نے فائرنگ کرکے 2 افراد جاوید ولد محمد اسماعیل اور عباس ولد اسماعیل کو قتل کردیا اور فرار ہوگئے ......... بقیہ 30 صفحہ نمبر 7 پر

مقتولین کی نعشوں کو ضابطے کی کارروائی کے بعد ورثاء کے حوالے کردیا گیا مقتولین پی پی پی حب کے جنرل سیکرٹری شریف پالاری کے کزن بتائے جارہے ہیں واقعہ سے متعلق مزید کارروائی جاری ہے۔

### اوستہ محمد پولیس کا فحاشی کے اڈے پر چھاپہ، 3 عورتوں سمیت 6 افراد گرفتار

استا محمد (نمائندہ خصوصی) اوستہ محمد پولیس کی فحاشی کے اڈے پر کامیاب کارروائی تین عورت سمیت چھ افراد گرفتار اوستہ محمد پولیس کی کامیاب کارروائی پر عوامی حلقوں میں خوشی کی لہر دوڑ گئی تفصیلات کے مطابق گزشتہ شب ایس پی استا محمد حسنین وارث کی ہدایات کی روشنی میں ڈی ایس پی گل حسن کی نگرانی میں ایس ایچ او پولیس تھانہ سٹی غازی عبدالروف جمالی بھاری......... بقیہ 37 صفحہ نمبر 7 پر

پولیس نفری کے ہمراہ ریلوے کالونی سٹی اوستہ محمد میں قائم الطاف عرف پپی کے فحاشی کے اڈے پر کامیاب کارروائی کرتے ہوئے رنگ رلیاں مناتے ہوئے تین خواتین سمیت چھ افراد کو گرفتار کرلیا مقامی پولیس نے مقدمہ درج کرکے مزید تفتیش شروع کردی۔

Century Express Quetta

## فائرنگ و ٹریفک حادثات، 2 بھائیوں سمیت 5 افراد جاں بحق

**جاوید اور عباس کو گدانی میں نشانہ بنایا گیا، لواحقین کا لاشوں کے ہمراہ احتجاج**

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) بلوچستان کے علاقے حب، لسبیلہ اور خضدار میں فائرنگ، ٹریفک حادثات میں دو بھائیوں سمیت پانچ افراد جاں بحق ہوگئے، پولیس کے مطابق جمعہ کے روز بلوچستان کے ساحلی علاقے گڈانی کے کنڈ گوٹھ میں نامعلوم افراد کی فائرنگ سے دو بھائی جاوید اور عباس جاں بحق ہوگئے واقعہ کیخلاف مقتولین کے لواحقین نے مظاہرہ کرتے ہوئے شاہراہ کو (باقی صفحہ 5 نمبر 15)

ٹریفک کیلئے معطل کردی بعدازاں پولیس سے مذاکرات کے بعد مظاہرین نے شاہراہ کو ٹریفک کیلئے بحال کردیا۔ اوتھل کے علاقے کھانٹانڑی کے قریب ٹرک اور شہزور گاڑی میں ہونے والے تصادم کے نتیجے میں محمد اکرم اور امام بخش جاں بحق ہوگئے، اطلاع ملنے پر پولیس نے موقع پر پہنچ کر نعشوں کو ہسپتال منتقل کرکے ضابطہ کی کارروائی کے بعد نعشیں ورثاء کے حوالے کردی، خضدار میں قومی شاہراہ پر ٹرالر نے کی ٹکر سے رکشہ ڈرائیور انور تحوانی جاں بحق ہوگیا۔

CamScanner

**CLIPPING SERVICE**

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 5

Dated: 31 JAN 2025

Page No. 8


# مہنگائی نے چھوٹے سرکاری اور پرائیویٹ ملازمین کی زندگی مشکل کردی ہے

## چینی 7روپے، کوکنگ آئل 60، چاول 40روپے، دالیں 25روپے فی کلو مہنگائی کردی گئی

### اشیا خورد ونوش کی سرکاری نرخوں پر فروخت میں ضلعی انتظامیہ بری طرح ناکام ہوچکی ہے، شہریوں کی چیخ وپکار

### حکمران اپنی عیش وعشرات کے لیے بیرونی قرضے لے رہے ہیں غریب عوام کو دووقت کی روٹی کھانے سے بھی محروم کردیا ہے

کوئٹہ (ایریا رپورٹر) بڑھتی ہوئی مہنگائی کا رجحان نے پریشان حال عوام کو مزید پریشان کردیا، سرکاری ملازمین کا معقول تنخواہوں میں بھی گزارہ مشکل، چینی، کوکنگ آئل، چاول سمیت دیگر خوردنی اشیاء عوام کی قوت خرید جواب دے گئی، چینی 7روپے فی کلو فی بوری 50 کلو 400روپے مہنگا، کوکنگ آئل 360روپے فی کلو سے بڑھ کر 420روپے فی کاٹن 2150روپے مہنگا چاول 40روپے فی کلو 230روپے سے بڑھ کر 320روپے تک جا پہنچا دکانداروں کا یہ کہنا ہے چاول مزید بھی مہنگا ہونے کا امکان ہے، دالیں فی کلو 25 روپے مہنگے کوئی پرسان حال نہیں ضلعی انتظامیہ کی جانب سے بھی کوئی چیک اینڈ بیلنس نہیں، آئے روز مہنگائی پر مہنگائی نے شہریوں کا جینا حرام کردیا، جبکہ چھوٹے اور بڑے تاجروں کے سیلز پر 35ہزار روپے کٹ لگانے کا انکشاف ہوگیا ہے۔ 40ہزار روپے سیلز 5 سے 7 کے درمیان پر ڈھیر ہوگیا، شہریوں اور تاجروں کا کہنا ہے کہ حکمران ائیر کولر میں گرم اور ٹھنڈے ہواؤں کے تلے عیش وعشرات کی زندگی گزار رہے ہیں غریب عوام کو دووقت کی روٹی کھانے سے بھی محروم کردیا ہے، مشرق سروے ٹیم سے بات چیت کرتے ہوئے کوئٹہ کے شہریوں اور دکانداروں اور تاجروں نے بتایا ہے رفیع اللہ کاکڑ، حاجی کمالدین ترین، محب اللہ درانی، بخت محمد کاکڑ، صاحب جان کاکڑ، نعمت اللہ کاکڑ، محمد نسیم خلجی ودیگر نے بتایا کہ مہنگائی کی سب سے بڑی وجہ بڑے بڑے ڈیلر ذخیرہ اندوزی کرتے ہیں جن کے مین مقامات پرانا سبزی منڈی، بڑیچ مارکیٹ، مدرسہ روڈ ودیگر شامل ہیں۔ دکانداروں کا یہ بھی کہنا تھا کہ بڑھتی ہوئی مہنگائی کا اثر نہ صرف غریب عوام پر پڑ گیا بلکہ چھوٹے اور بڑے تاجروں کے سیلز پر بھی بڑا اثر کر ڈالا ہے، پہلے 40ہزار روپے دن میں سیل کیا جاتا تھا اب 5 سے 7ہزار کے درمیان سیلز ہوتا ہے۔ تقریباً 35ہزار روپے نقصان مہنگائی کی وجہ سے ہمیں پڑ گیا ہے، عوام نے ضروریات پوری نہیں کرتی صرف اور صرف گزارہ کررہے ہیں۔ انہوں نے حکومت بلوچستان خصوصاً ضلعی انتظامیہ کے سربراہ ڈپٹی کمشنر اور کمشنر کوئٹہ سے فوری طور پر نوٹس لینے اور مہنگائی کیخلاف بلاامتیاز کارروائی کرنے کا مطالبہ بھی کیا ہے۔

CamScanner

**CLIPPING SERVICE**

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: AZADI QUETTA

Bullet No. 6 Dated: 11 JAN 2025 Page No. 9

# بلوچستان میں کوئلہ کانوں میں ٹھیکیداری نظام، کان کنوں کی اموات، حکومتی سطح پر ایکشن کی ضرورت!

بلوچستان میں کوئلہ کانوں میں دھماکے روز کا معمول بن چکے ہیں، بڑے حادثات کے باعث کان کن اپنی جان سے ہاتھ دھو بیٹھتے ہیں جس کی بڑی وجہ حفاظتی اقدامات کا نہ ہونا ہے۔ گزشتہ روز کوئٹہ کے نواحی علاقے سنجدی میں کوئلے کی کان میں دھماکہ ہوا جس کے نتیجے میں 4 کان کن جاں بحق ہوئے۔ چیف انسپکٹر مائنز کے مطابق 8 کان کن تاحال پھنسے ہوئے ہیں۔ متاثرہ کان کنوں کا تعلق خیبرپختونخوا سے ہے، 8 کان کنوں کے زندہ بچ جانے کے امکانات بہت کم ہیں۔ ڈپٹی ڈائریکٹر ریسکیو کے مطابق کان کن 4 ہزار 200 فٹ گہرائی میں پھنسے ہوئے ہیں، کان کے داخلی دروازے سے ملبے کو بھاری مشینری کے ذریعے ہٹایا گیا۔ کان میں بجلی کی ایک ہی لائن تھی جو حادثے میں تباہ ہوگئی، زندہ بچنے والے کان کنوں کا کہنا ہے کہ دھماکا اتنا شدید تھا کہ کان کا بڑا حصہ بیٹھ گیا۔ بلوچستان میں کوئلے کی کانوں میں اکثر حادثات رونما ہوتے ہیں کیوں کہ کان مالکان حفاظتی طریقہ کار کی خلاف ورزی کرتے ہیں جس کی وجہ سے مزدور خطرناک حالات میں کام کرنے پر مجبور ہیں۔ گزشتہ سال 46 حادثات میں 82 کان کن جاں بحق ہوئے۔ گزشتہ سال جون میں کوئٹہ سے 50 کلومیٹر کے فاصلے پر سنجدی کے علاقے میں کوئلے کی کان کے اندر گیس بھرنے سے کم از کم 11 افراد جاں بحق ہوئے۔ ماہرین کی جانب سے متعدد بار یہ کہا گیا ہے کہ بلوچستان میں وینٹیلیشن کا مناسب انتظام ہو تو گیسوں کے جمع ہونے کی وجہ سے جو حادثات ہوتے ہیں انھیں روکا جا سکتا ہے۔ کانوں میں میتھین گیس اور کاربن مونو آکسائیڈ گیسیں ہوتی ہیں لیکن ان کی مناسب مانیٹرنگ کا نظام نہیں۔ اگر گیسوں کی مانیٹرنگ کا مناسب انتظام ہو تو ان کی موجودگی کا پتہ لگا کر ان کو کلیئر کرنے کے بعد کان کنوں کو بھیجا جا سکتا ہے جس کے نتیجے میں وہ محفوظ رہ سکتے ہیں۔ کانوں میں گیسوں کی موجودگی کا پتہ لگانے کے لیے ڈیجیٹل ڈیٹیکٹرز ہوتے ہیں لیکن بلوچستان کی کانوں میں ان کے استعمال کو یقینی بنانے کے بجائے پرانے طریقوں کو استعمال کیا جا رہا ہے۔ ایک بڑا مسئلہ بلوچستان کی کوئلہ کانوں میں ٹھیکیداری نظام ہے، کان مالکان لیز اپنے نام الاٹ کرانے کے بعد زیادہ تر خود کام نہیں کرتے بلکہ وہ ان کو ٹھیکیداروں کے حوالے کر دیتے ہیں اور پھر بڑے ٹھیکیدار آگے پیٹی ٹھیکیداروں کو یہ کام دے دیتے ہیں۔ ٹھیکیدار کو کان کنوں کا خیال نہیں ہوتا بلکہ ان کی توجہ صرف منافع کمانے اور زیادہ سے زیادہ کوئلہ نکالنے پر ہوتا ہے۔ ٹھیکیداری نظام کی وجہ سے حفاظتی انتظامات کو یقینی نہیں بنایا جاتا جس کی وجہ سے مزدوروں کی زندگیوں کو شدید خطرات لاحق ہوتے ہیں۔ بلوچستان کی مزدور تنظیموں کی جانب سے ٹھیکیداری نظام اور کوئلہ کانوں میں حفاظتی انتظامات نہ ہونے پر احتجاج بھی ریکارڈ کروائے گئے مگر صورتحال میں کوئی بہتری نہیں آئی ہے۔ مزدور تنظیموں کے رہنماؤں نے بھی یہ بات ریکارڈ پر لایا ہے کہ ٹھیکیدار با اثر لوگ ہوتے ہیں اس لیے ان کو سزا نہیں ملتی، جب سزا کا تصور نہ ہو تو وہاں لوگ بہت زیادہ خیال نہیں رکھتے۔ بہرحال بلوچستان سے کروڑوں ٹن کوئلہ نکالا جاتا ہے لیکن کان کنوں کے مسائل اور مشکلات کی جانب کوئی توجہ نہیں دی جاتی۔ یہ حکومت اور کان مالکان دونوں کی ذمہ داری بنتی ہے کہ وہ کانوں میں حفاظتی انتظامات اور کان کنوں کی سہولیات کو بہتر بنائیں تاکہ حادثات کا تدارک ہو سکے اور قیمتی جانیں ضائع ہونے سے بچ جائیں۔

## بلوچستان کی ترقی کا عزم اور پی پی ایل سمیت دیگر کمپنیوں کو الٹی میٹم!!

بلوچستان نیوز کے انہی صفحات اور انہی سطور میں ہم پہلے بھی کئی بار اس رائے کا اظہار کر چکے ہیں کہ آج بھی ہم یہ سمجھتے ہیں کہ بلوچستان کو تعمیر وترقی کے سفر میں باقی صوبوں کے برابر لانے، یہاں روزگار کے مواقع کی فراوانی اور صوبے میں موجود وسائل کو صوبے کے مسائل کے تدارک وخاتمے کے لئے بروئے کار لانے کی ضرورت ہے اور اس بابت وقت کی ضرورتوں سے ہم آہنگ اقدامات اٹھانے کی اشد ضرورت ہے جو اقدامات ناگزیر ہیں ان میں صنعت وحرفت کی ترقی اور فروغ و برھوتری بھی شامل ہے بلوچستان میں صنعت وحرفت کو فروغ دینے کی ضرورت ہے بلوچستان میں مواقع اور وسائل کی بھی کمی نہیں لیکن بدقسمتی سے بلوچستان میں موجودہ سرمایہ کاری کے مواقع سے ماضی میں خاطر خواہ فوائد نہیں اٹھائے گئے حتیٰ کہ صوبے میں روزگار کے مواقع اور پیداواری شعبوں کی حالت زار پر بھی وہ توجہ مرکوز نہیں ہوئی جو ہونی چاہئے تھی جو بھی حکومت آئی وہ وقت گزار کر چلی گئی صوبے میں زراعت اور معدنیات سمیت دیگر شعبوں کی جدت و بہتری اور روزگار کے مواقع کی فراہمی کے حوالے سے وقت کی ضرورتوں اور حالت کے تقاضوں سے ہم آہنگ اقدامات نہیں اٹھائے گئے اور اس کا نتیجہ ہمارے سامنے ہے کہ آج صوبے میں غربت وپسماندگی بھی زیادہ ہے اور بے روزگاری کی شرح بھی باقی صوبوں سے بلند ہے بلوچستان ملک کے باقی صوبوں کے مقابلے میں زیادہ غربت وپسماندگی سے دوچار صوبہ ہے یہاں روزگار کے ذرائع انتہائی محدود ہیں صوبے کو اس وقت صنعتی ترقی کی ضرورت ہے اور صنعتی ترقی بھی خالی خولی نہیں بلکہ ایسی صنعتی ترقی جس سے صوبے کی معیشت اور معاشرت کو سہارا ملے ان تمہیدی سطور کا خیال ہمیں اس خبر کو پڑھ کر آیا جس کے مطابق پی پی ایل، حبکو اور پی ایم ڈی سمیت چالیس انڈسٹریز کو ایک ہفتے کی مہلت دیتے ہوئے صوبائی وزیر زراعت صنعت وحرفت میر علی حسن زہری نے کہا ہے کہ چالیس سے زائد وہ تمام انڈسٹریز جن کے لیز کے معاہدے ختم ہو چکے ہیں، کیخلاف ایک ہفتے بعد کارروائی عمل میں لائی جائے گی اس بابت اپنے ایک پالیسی بیان میں صوبائی وزیر زراعت صنعت وحرفت میر علی حسن زہری نے کہا ہے کہ پی پی ایل اور حکومت بلوچستان کے مابین معاہدے کی میعاد کو ختم ہوئے 15 سال کا عرصہ گزر گیا ہے، اس کے باوجود بھی پی پی ایل کے حکام ٹس سے مس نہیں ہو رہے ہیں اور غیر آئینی طور پر بلوچستان سے اربوں روپے کما رہے ہیں اور صوبے کو شیئر بھی نہیں ... جو کہ بلوچستان کا حق بنتا ہے انہوں نے کہا کہ پی پی ایل کے اس غیر آئینی اقدام پر موجودہ صوبائی حکومت نے معاملے کو وفاق اور صوبے میں اٹھا رکھا ہے باقاعدہ صوبائی اسمبلی میں بھی اسے بحث کیلئے لایا گیا ہے حکومت اس پر اسمبلی کو اعتماد میں لیکر آئندہ کا لائحہ عمل طے کرے گی انہوں نے مزید کہا کہ بحیثیت صوبائی وزیر صنعت وحرفت میں پی پی ایل حکام کو ایک ہفتے کا نوٹس جاری کر رہا ہوں کہ وہ اپنے معاہدے کے حوالے سے صوبائی حکومت کے ساتھ بیٹھیں اور بلوچستان حکومت کے جو تحفظات اور خدشات ہیں انہیں دور کر کے نئے لیز معاہدے کی تکمیل کے عمل کو پورا کریں ورنہ انہیں بلوچستان میں کام کرنے سے روک دیا جائیگا، صوبائی وزیر صنعت وحرفت میر علی حسن زہری نے کہا کہ حبکو پاور پلانٹ اور پی ایم ڈی سی کی بھی لیز ختم ہو چکی ہے اسے بھی ایک ہفتے کا نوٹس جاری کیا جا رہا ہے اس کے علاوہ صنعتی شہر حب کی 40 سے زائد فیکٹریوں کو 15 ایام کا نوٹس جاری کیا گیا تھا لیکن ان فیکٹریوں کے مالکان غیر سنجیدگی کا مظاہرہ کر رہے ہیں لہذا انہیں بھی آخری ایک ہفتے کی وارننگ جاری کر رہے ہیں جس کے بعد قانون حرکت میں آئے گا اور کسی کو بھی رعایت نہیں دی جائیگی۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان کے حقوق پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائیگا بلوچستان کی ترقی وتعمیر اور عوام کی خوشحالی پی پی پی کا وژن ہے جسے ہر صورت میں پایہ تکمیل تک پہنچایا جائیگا انہوں نے کہا کہ چیئرمین بلاول بھٹو زرداری بلوچستان کی ترقی وخوشحالی میں ذاتی دلچسپی لے رہے ہیں کیوں کہ وہ سمجھتے ہیں کہ پاکستان کی ترقی بلوچستان کی ترقی وتعمیر اور عوام کی خوشحالی سے وابستہ ہے پاکستان کا مستقبل بلوچستان ہے یہاں کے عوام کی پسماندگی واحساس محرومی کا خاتمہ پی پی پی کی قیادت کا وژن ہے انہوں نے کہا کہ پی پی پی کی قیادت بلوچستان اور یہاں کے عوام کے حقوق کا بھرپور تحفظ کرے گی اور عملی طور پر پارٹی قیادت کی ہدایت پر صوبے میں اس وژن پر کام کا آغاز بھی کر دیا گیا ہے جس کے ثمرات جلد صوبے کے عوام کو نظر آئیں گے صوبائی وزیر کے بیان میں بیک وقت مسائل کی نشاندہی بھی ہے ان سے نمٹنے کے لئے صوبائی حکومت کے ممکنہ فیصلے کی بھی جھلک نمایاں ہے جسے سراہتے ہوئے ہم اس امید کا اظہار کرتے ہیں کہ صوبائی حکومت اس پالیسی بیان کے مطابق اگلے ہفتے کے بعد ممکنہ قدم اٹھائے گی البتہ ایک بات کی نشاندہی ہم ضروری سمجھتے ہیں کہ پی پی ایل ہو، حبکو یا پھر دیگر انڈسٹریز ان کے ساتھ معاہدوں کی تجدید کرتے ہوئے ان ... میں ریکوڈک کی طرز پر بلوچستان کا شیئر بڑھانے کے لئے کام کیا جائے اور اس حوالے سے پیپلز پارٹی اور مسلم لیگ (ن) صوبائی حکومت کی معاونت کرے تاکہ [illegible]

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No.________ Dated: 11 JAN 2025 Page No.________



چیف سیکرٹری شکیل قادر خان کی زیر صدارت بزنس سمٹ کے حوالے سے اجلاس میں بلوچستان سرمایہ کاری بورڈ کے سی ای او عبدالکبیر زرکون بریفنگ دے رہے ہیں

MASHRIQ QUETTA



چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان کی زیر صدارت بلوچستان بزنس سمٹ کے حوالے سے اجلاس میں بلوچستان سرمایہ کاری بورڈ کے سی ای او عبدالکبیر زرکون بریفنگ دے رہے ہیں